صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 16 ستمبر 2011ء بمطابق 17 شوال 1432 ہجری سہ پہر تین بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَـٰنَـٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرً۬ا O يَـٰٓأَيُّہَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِى ٱلۡأَمۡرِ مِنكُمۡ ۖ فَإِن تَنَـٰزَعۡتُمۡ فِى شَىۡءٍ۬ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمۡ تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأَخِرِ ۚ ذَٲلِكَ خَيۡرٌ۬ وَأَحۡسَنُ تَأۡوِيلاً۔

(ترجمہ): خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بے شک خدا سنتا اور دیکھتا ہے۔ مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے۔

و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور': مفتی کفایت اللہ صاحب۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں اس میں ایک بات کرنا چاہتا تھا۔

جناب سپیکر: د 'کوئسچنز آور' نه پس جی، هر څه۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ اسی کے ساتھ Related ہے۔

جناب سپیکر: آپ کا کیا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ Grouping، یہ ایک انتہائی ظالمانہ سکیم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ سوال؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ سوال نمبر جو ہے، 21۔

جناب سپیکر: 21 جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جو پہلا سوال ہے، یہ گروپ انشورنس۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

* 21 _ مفتی کفایت اللہ (سوال جناب عبدالاکبر خان نے پیش کیا): کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے گروپ انشورنس کی کٹوتی کی جاتی ہے؛

(ب) آیا صوبائی گورنمنٹ ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر انشورنس کے قواعد و ضوابط کے مطابق اصل رقم بمعہ منافع واپس نہیں کرتی جبکہ باقی انشورنس سکیمیں اختتام ہونے پر بمعہ منافع رقم واپس کی جاتی ہے؛

(ج) آیا عمومی طور حادثات وغیرہ پر رقم کی ادائیگی کی وجہ سے رقم سے کٹوتی زیادہ کی جاتی ہے؛

(د) مذکورہ فاضل رقم کو کہاں اور کسطرح رکھا جاتا ہے، سال 2005 سے 2009 تک کی فاضل رقم کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؛

(ھ) آیا کوئی ایسا طریقہ کار زیر غور لایا جا سکتا ہے کہ مذکورہ رقم بمعہ منافع ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر مل سکے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) صوبائی حکومت کے ملازمین کو دی جانے والی سکیم گروپ ٹرم انشورنس ہے۔ ٹرم انشورنس کے تحت آنے والی سکیموں پر دنیا کے کسی بھی ملک میں Mature ہونے پر اصل بمعہ منافع ادا نہیں کیا جاتا کیونکہ اس سکیم کے تحت نہایت ہی کم پریمئیم کے عوض بھاری رقم Claim کی صورت میں ادا کی جاتی ہے، مثال کے طور پر سکیل 1 تا 4 کے ملازمین سے ماہانہ کٹوتی مبلغ -/44 روپے کی جاتی ہے جبکہ ناگہانی موت کی صورت میں مرحوم کے ورثاء کو مبلغ -/150,000 روپے کی ادائیگی کی جاتی ہے جبکہ ایسی سکیم جس میں Maturity پر ملازمین کو ادائیگی کی سہولت میسر کی جائے تو -/150,000 روپے کی رقم کے لئے ملازمین سے ماہانہ مبلغ -/700 روپے کی کٹوتی بیس سال کے عرصے کے لئے کرنے پڑیگی جو کہ ان پر ایک اضافی بوجھ ہوگا۔ موجودہ سکیم کے تحت جہاں ناگہانی موت کی صورت میں ادائیگی کی جاتی ہے، وہیں پر ملازمین کی معذوری پر ادائیگی کی شرط بھی موجود ہے۔

اس کے علاوہ اگر کوئی سرکاری ملازم ریٹائرڈ ہو جائے تو بغیر کسی ماہانہ کٹوتی کے پانچ سال تک مفت انشورنس کی سہولت دی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ گروپ انشورنس کا مقصد ہی گروپ کی قلیل شراکت سے موت یا معذوری کا شکار ہونے والوں کا فائدہ ہے۔

(ج) جی نہیں یہ درست نہیں ہے۔

(د) ہر تین سال بعد گورنمنٹ سے گروپ انشورنس کی مد میں موصول رقم اور Claim کی شکل میں مرحومین کے ورثاء کو ادا شدہ رقم کا حساب کیا جاتا ہے۔ اگر پریمئیم کی مد میں موصول رقم ادا شدہ رقم سے زیادہ ہو تو فاضل رقم موجودہ ہوتی ہے بصورت دیگر نہیں۔ فاضل رقم موجود ہونے کی صورت میں یہ رقم صوبائی حکومت کو واپس کر دی جاتی ہے۔ محکمہ انتظامیہ نے صوبائی حکومت میں کام کرنے والے اپنے ملازمین کی ایئر وائز تعداد زونل ہیڈ سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پشاور کو مراسلہ نمبر No. SOB (AD) 7(4) State Life/2009-10 مورخہ 05-05-2011 کے تحت فراہم کی ہے جبکہ فاٹا میں تعینات صوبائی حکومت کے ملازمین کی صحیح تعداد جانچنے کے لئے فاٹا سیکرٹریٹ کی انتظامیہ کے ساتھ مختلف اوقات میں اجلاس کئے گئے ہیں (روداد اجلاس کی تفصیل ملاحظہ کی گئی) اس کے علاوہ فاٹا سیکرٹریٹ کو کئی مراسلے بھی ارسال کئے گئے ہیں مگر اب تک کوئی خاطر خواہ کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ چونکہ فاٹا میں مختلف کیڈرز کے صوبائی ملازمین جن میں اساتذہ، ڈاکٹرز، نرسز، انجینئرز اور دوسرے صوبائی محکمہ جات کے ملازمین شامل ہیں، فاٹا سیکرٹریٹ کے کنٹرول میں تعینات ہیں اور ان

کے علاوہ فاٹاانتظامیہ کے بھرتی کئے ہوئے ملازمین بھی ہیں۔اس وجہ سے ان صوبائی ملازمین کو دوسرے کیڈرز سے علیحدہ کرنا بہت مشکل ہے۔اب تک فاٹا صوبائی ملازمین کی تقریباً 60% صحیح تعداد کا اندازہ ہو چکا ہے اور 40% پر کام ہو رہا ہے۔ جیسے ہی فاٹا میں تعینات صوبائی ملازمین کی صحیح تعداد معلوم ہو گی تو ان صوبائی ملازمین کی ایئر وائز تعداد زونل ہیڈ، سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پشاور کے حوالے کر دی جائیگی جس کے بعد زونل ہیڈ سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پشاور، پرافٹ کمیشن کے تحت اضافی رقم محکمہ انتظامیہ کے حوالے کر دیگا۔

(ھ) معاہدہ کے تحت ہر تین سال بعد اگر کوئی فاضل رقم بنتی ہو تو وہ صوبائی حکومت کو ادا کر دی جاتی ہے۔ صوبائی حکومت اس رقم کو ویلیفئر بورڈ جو کہ ملازمین کی فلاح و بہبود کا ادارہ ہے، کی مد میں جمع کر دیتی ہے۔ صوبائی ویلفئیر بورڈ اس رقم کو سرکاری ملازمین کی مالی امداد اور فلاح و بہبود کے پروگراموں پر استعمال کرتا ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?-----

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات)</u>: جناب سپیکر! پرون چه په دیر کښے کومه بم دهماکه شوے ده او په هغے کښے کوم کسان شهیدان شوی دی د هغوی د پاره د دعا اوکړے شي۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی حافظ اختر علی صاحب، دا دعا اوکړئ جی۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! یہ ظالمانہ قانون ہے جو 1969 میں نافذ کیا گیا تھا جس میں سرکاری ملازمین سے ہر مہینے گروپ انشورنس کی مد میں پیسے کاٹے جاتے ہیں اور وہ پھر انشورنس کمپنی اپنے ساتھ جمع کرتی ہے لیکن صرف اسی وقت اس سرکاری ملازم کو وہ پیسہ ملتا ہے جب During service اسکی Death ہو جاتی ہے، جب سروس ختم ہو جاتی ہے تو اس کو اس کا کچھ بھی نہیں ملتا تو بلوچستان گورنمنٹ نے بھی اس پر لیجسلیشن کی ہے کہ جو پیسہ ان سے کاٹا جاتا ہے، جب اس کی پالیسی Mature ہو جائے تو پھر ریٹائرمنٹ کے بعد وہ پیسہ اس کو دیا جاتا ہے، تو میرے خیال میں جناب سپیکر، میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ ایک 'پرائیویٹ ممبر ڈے' بھی کبھی رکھیں تاکہ ایسی جو ہماری لیجسلیشن ہے، وہ اس میں آ سکے۔ تھینک یو۔

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون)</u>: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

(وزیر قانون): د حکومت هغه Point of view د دوئ مخے ته به لږ کیږدو، په دے باندے سوال هم نن راغلے دے، د دغے حوالے سره مفتی کفایت الله صاحب سوال کړے۔چونکه دوئ دا ایشو مخکښے Raise کړه نو د هاؤس د انفارمیشن د پاره داسے دی جی چه یره Term insurance دے دا چه کوم دے وخت کښے کټ کیږی او د یو سرکاری عام ملازم نه پچاس ساٹھ روپے Per month کټ کیږی نو دوئ چه کله بیا فوتګی وغیره اوشی نو بیا څکه یو نیم لاکھ روپئ یا دغه حساب سره ورته ملاویږی یا چرته کښے Disability اوشی During service نو هغه چه کوم نور انشورنسز دی هغه چه کوم دا عام پرائیویٹ کمپنئ کوی، لائف انشورنس یا میډیکل انشورنس نو هغه شان بیا Contribution هم زیات وی۔ دلته کښے صرف پچاس ساٹھ روپئ Contribution دے او بیا مونږه دا Expect کوؤ چه یره، دا هغه شے دے This is term insurance یا Incidental insurance پیسے ډیرے کمے دی، چه پیسے زیاتے شی Contribution زیات شی نو Automatically به دا وی خو په دے باندے زمونږه چه کوم سیکرټری ایډمنسټریشن دے، هغه ناست دے او هغه یو ډیر لوئے سکیم تیار کړے دے-----

جناب سپیکر: نه دا دوئ خو وائی چه تین چار سو هم کټ کیږی او بل د بلوچستان غوندے خوار حکومت ئے کولے شی، زمونږه حکومت-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! جب میری لیجسلیشن آجائیگی تو منسٹر صاحب کو بھی دکھا دینگے کہ جب ہم سب-----

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! آپ ایک منٹ صبر کریں پورا جواب وہ دے دیں، پھر آپ بات کریں۔

وزیر قانون: اس کیلئے Comprehensive strategy بن رہی ہے، تھوڑا بہت ہو سکتا ہے، Contribution تھوڑی بہت زیادہ ہو جائے گورنمنٹ کی سائڈ سے، یہ ہم Ensure کر رہے ہیں کہ گورنمنٹ اس میں Contribute کریگی اور ہمارے سیکرٹری ایڈمنسٹریشن جو ہیں، ماشاء اللہ بڑے قابل انسان ہیں تو اکتوبر تک انشاء اللہ انہوں نے مجھے یقین دلایا ہے کہ اکتوبر تک یہ نئی پالیسی یا لیجسلیشن کرنی ہے، پالیسی بنانی ہے، یہ میں تیار کرونگا اور کابینہ کے سامنے اور پھر اسمبلی کے سامنے انشاء اللہ ہم لائینگے۔ تو ایسا ہو گا کہ وہ مختلف Events کو Cover کریگی۔ وہ Death disability even otherwise

ایک بہت Comprehensive قسم کا پلان آرہا ہے، انشاء اللہ وہ ہم Maturity on retirement ہاؤس کے سامنے رکھیں گے، انکی اگر لیجسلیشن کوئی ہے، بالکل ویلکم۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اودریږه ثاقب خان! یو منټ اودریږه، د دوئ دا کوئسچن۔جی ستاسو څه خبره ده عبدالاکبر خان!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں نے اس پر لیجسلیشن جمع کی ہوئی ہے، وہ منسٹر صاحب کے پاس جائیگی وہ یہ دیکھ لینگے، اگر اس میں کچھ کی زیادتی ہونی چاہیے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، میں تو چاہتا ہوں کہ یہ Mature ہو جائے اور لوگوں کو ان کا حق ملے۔ تو حکومت اگر اس میں کچھ امنڈمنٹس کرانا چاہتی ہے یا اپنی لانا چاہتی ہے میرے برابر، تو جس طرح اسرار خان نے اس دن کہا کہ ہم Try کرتے ہیں کہ لیجسلیشن کریں گورنمنٹ بھی Try کرتی ہے کہ لیجسلیشن کرے تو دونوں کو اکٹھا کرلینگے۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): دوئ هم د ګورنمنټ حصه دی، دوئ څه بیل خو نه دی، په شریکه کهاته به چلوؤ۔ دے د حکومت نه جدا خو نه دے۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ زه ستاسو په وساطت سره لاء منسټر صاحب ته به دا یو تجویز ورکومه چه دا کله ډسکس کیږی نو خیر دے په دے کمیټی کښے دوه درے څلور ایم پی ګانو ته د هم اووائی۔سر، پرابلم دا دے چه تاسو Comprehensive Insurance Policy هم جوړه کړئ، په هغے کښے به داسے Segments لکه دغه چه دے، دا به خامخا وی نو که سړے مړ شی، کوم افسر کوم اهلکار که په نوکری کښے مړ شو خو هغه ته به Benefit ملاؤ شی خو Ninety nine percent خو نه مری، هغه عاجزانو نه خو کټوتی اوشی او بیا نه وی، نو زما ریکوسټ دا دے، که مونږه نه هم راغواړی چه بیا دوئ په انشورنس کمپنی باندے دا خامخا لازم کړی چه هغوی ورسره Dividend او Profit شیئر کوی نو هغه به هم دوئ ته څه نه څه Return ملاویږی جی۔

جناب سپیکر: یہ جو بل انہوں نے موؤو کیا ہے، اگر یہ Next comingاس پر لے آئیں تو لاء منسٹر صاحب کا کیا خیال ہے یا جو ثاقب اللہ خان کی تجویز ہے؟

وزیر قانون: میں کہتا ہوں جی، اس کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب نے تو کہہ دیا کہ یہ سب حکومت کا حصہ ہیں تو آپ ان کو ساتھ کیوں نہیں بٹھاتے؟

وزیر قانون: نہیں جی، بٹھائیں گے، بٹھائیں گے کیوں نہیں، ہمارے پارلیمانی لیڈر ہیں۔

جناب سپیکر: ان کو بٹھائیں جو لیجسلیشن میں Interestedہوں۔

وزیر قانون: بالکل جی، بیٹھ جائینگے، سب مل کر بیٹھ جائینگے، سیکرٹری ایڈمنسٹریشن کو بٹھالینگے۔ جہاں تک چمکنی صاحب کے سوال کا تعلق ہے تو یہ اسطرح ہے کہ جو Paymentابھی تک، یعنی ہاؤس کو اگاہ ضرور کرنا چاہونگا کہ ابھی تک ہمارے پاس بدقسمتی سے پچھلے کئی سالوں سے یہ ڈیٹا ہی نہیں تھا کہ ہمارے ٹوٹل ملازمین کتنے ہیں اور ہم ٹوٹل کتنی Paymentکر رہے ہیں ان کو؟ یہ سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن ہے اور ہمارے فاٹا میں کتنے ملازمین ہیں؟ تو ابھی جو موجودہ حفیظ الرحمان خان جب سے آئے تو انہوں نے بہت محنت کی ہے، انہوں نے یہ تمام ریکارڈ پچھلے کئی ہفتے، مہینے لگا کر انہوں نے پراونشل گورنمنٹ ایمپلائز کا Exact recordاور فاٹا کا Exact record، پھر انکی کتنی Contributionجارہی ہے کمپنی کو؟ اور پھر اس کا 10%ایک کمیشن ہوتا ہے جو Processing feeہوتی ہے، باقی جن لوگوں کو Maturityپر یا جو فوت ہو جاتے ہیں، Disabilityہو جاتی ہے، تو اگر انکو نہیں ملتے وہ پیسے، پھر اس کے علاوہ یعنی انکی بچیوں کی شادیوں پر، ان کی تکفین وتدفین کیلئے اور بہت سی چیزوں پر وہ Materializeہوتے ہیں، تو ایسا نہیں ہے کہ وہ کمپنیاں پیسے کھا جاتی ہیں، ایسا نہیں، وہ Materializeہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ سکندر عرفان، یہ Unansweredیہ کیا ہے؟

(جناب سکندر عرفان صاحب کے سوال نمبر 147 کا جواب محکمے کی طرف سے نہیں آیا ہے اس کے علاوہ مفتی کفایت اللہ صاحب کے سوال نمبر 63 جناب ثاقب اللہ خان چمکنی کے سوال نمبر 01 جناب ثاقب اللہ خان کے سوال نمبر 20 جناب ثاقب اللہ خان کے سوال نمبر 21 جناب ثاقب اللہ خان کے سوال نمبر 22 کے جوابات بھی محکمے کی طرف سے موصول نہیں ہوئے ہیں)

جناب شاہ حسین خان: جواب نہیں آیا ہے۔

جناب سپیکر: میاں صاحب، یہ دیکھیں، میں بار بار Repeatedly ریکویسٹیں بھی کر چکا، کئی دفعہ وارننگ بھی دے چکا، کچھ سیکرٹریز ہماری اسمبلی بزنس کی طرف توجہ نہیں دے رہے، یہ ممبران صاحبان نے کوئسچنز کئے ہیں اور بھیجے ہیں اسمبلی سیکرٹریٹ نے، چار چار مہینے، چھ چھ مہینے سے ڈیپارٹمنٹس کے پاس پینڈنگ ہوتے ہیں۔ پھر Repeatedly ان کو لکھا بھی گیا ہے، ابھی میں یہ پڑھ رہا تھا کہ اگر آپ لوگ جواب نہیں دیتے تو ہم ایسے ہی Blank اس کو ہاؤس میں وہ کرینگے، تو آج سیکرٹریٹ نے ہمارے کئی کوئسچنز Blank ہمیں بھیجے ہیں۔ تو اس میں آپ کی کیا رائے ہے، کیا کریں اس کے ساتھ؟ چیف سیکرٹری کو بھی لکھ چکے ہیں، کئی دفعہ لکھ چکے ہیں؟ جی میاں صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! رشتیا خبره دا ده چه دا خو کافی غفلت دے، د اسمبلئ د طرف نه د بار بار یادهانی نه پس که دوئ دا نه رالیږی او وجه هم ورسره نه وی نو بیا دوئ ناست څه ته دی؟ بالکل دا ټهیک خبره ده چه که داسے وجه ورسره وی چه په هغے کښے Delay کیږی نو هغه وجوهات به هم رالیږی چه په دے وجه باندے دا Delay کیږی ځکه چه اسمبلی نه هر وخت وی او بیا زمونږه دا پوزیشن دے چه اجلاسونه هم په داسے تواتر سره د لاء اینډ آرډر د سیچویشن په بنیاد باندے نشی کیدے، یو پرابلم دے نو که دا اجلاسونه هم داسے خالی تیریږی نو دا مناسب خبره نه ده او بیا په دے بنیاد باندے چه گنی صرف ډیپارټمنټ به جواب نه رالیږی نو دا زمونږه کارروائی به خرابیږی، د دے خبرے په بنیاد زه ستاسو د یاد دهانئ په وجه د اسمبلی د طرف نه ټولو د حکومت اهلکارو ته دا هدایت ورکومه چه دوئ د نور کارونه پریږدی د اسمبلئ په وخت کښے، د اسمبلئ کارروائی ډیره لازم ده او د دے سوالونو جوابونه د خامخا وی چه هم حکومت مطمئن وی او هم اپوزیشن مطمئن وی او هم چه د دے صوبے کارونه کیږی۔

جناب سپیکر: شکریه میاں صاحب۔ خدائے د اوکړی چه ستاسو دا هدایت دوئ اومنی گنی دا کهلاؤ Breach of privilege دے، د ټولے اسمبلئ توهین دے او زما د وزیرانو صاحبانو چه کوم ایشورنسز دی، لس لس Reminders جی وررروان وی چه زمونږه د حکومت د پاره Embarrassment مه جوړوئ نو باوجود د لسو لسو Reminders زمونږه دا سیکرټریان صاحبان بعضے بعضے

اسمبلئ ته Response نه کوی، نو دا Last time وو، میاں صاحب هم درته هدایت درکړو، که دا نه وی نو سیکرټریټ ته زه هدایت ورکومه چه تاسو ته نوټس درکړی، سره د چیف سیکرټری چه تاسو بیا د اسمبلئ پریویلج ته ټهینګ شئ، تکړه شئ۔

جناب عبدالاکبر خان: دا کوم منسټر دے چه د هغه محکمه جواب نه درکوی؟

جناب سپیکر: بس جی دا Serious matter وو او ورکښے بنه ټهیک هدایت میاں صاحب هم اوکړو او زمونږ هم اخرنے، Last ruling پرے ما هم ورکړو چه که د دے نه پس هم دوئ نه کوی نو بس بیا Breach of privilege دے، راځی به او دلته به پیش کیږی او بیا ئے چه څه سزا وی هغه به بیا اسمبلی ورکوی، کمیټی به ورکوی۔ جی زرقا بی بی، محترمه زرقا بی بی۔ دا لس کوئسچنه اوس بغیر جوابه لاړل تیر شول۔ زرقا بی بی۔

محترمہ زرقا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: زرقا بی بی، سوال نمبر څه دے؟

محترمہ زرقا بی بی: 25۔

جناب سپیکر: جی۔

* 25 _ محترمہ زرقا: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گی کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ Provincial Commision on the Status of Women بن چکا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کیلئے فنڈ بھی ریلیز ہو چکا ہے;

(ج) اگر فنڈ ریلیز ہو چکا ہے تو فنڈ کس کس مد میں خرچ ہو چکا ہے;

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ Provincial Commision on the Status of Women اب تک کیا کارکردگی دکھا چکا ہے، تفصیل بتائی جائے;

(ھ) آیا یہ بھی درست ہے کہ چیئرپرسن کیلئے گاڑی بھی خریدی گئی;

(ر) آیا یہ بھی درست ہے کہ پچھلے دنوں وہ چوری ہو گئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ ستارہ ایاز (وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین): (الف) جی ہاں، Establishment of Commission on the Status of Women Act, 2009 کے تحت کمیشن کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔

(ب) جی ہاں، مالی سال 11-2010 میں کمیشن کیلئے Grant-in-aid کی مد میں 27 ملین روپے فراہم کئے گئے ہیں۔

(ج) اب تک فنڈ کا کچھ حصہ درج ذیل مدات میں خرچ کیا گیا ہے۔

(1) چیئرپرسن کیلئے گاڑی کی خریداری۔

(2) چھ ماہ کیلئے دفتر کا کرایہ۔

(3) فیکس مشین، کمپیوٹرز، ایئرکنڈیشن، سٹیشنری کی اشیاء، یوٹیلٹی بل اور آفس کیلئے دوسری اشیاء کی خریداری۔

(4) فرنیچر کی خریداری۔

(5) عملہ کی تنخواہ۔

(6) چیئرپرسن کا ٹی اے۔

(د) کمیشن کی اب تک کی کارکردگی کے بارے میں ایک رپورٹ ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ھ) جی ہاں۔

(ر) ہاں، یہ درست ہے کہ گاڑی 17-04-2011 کی رات چوری ہو گئی تھی جس کی FIR نمبر 255 مورخہ 18-04-2011 تھانہ حیات آباد میں درج کی گئی اور سیکرٹری (SW) کو بھی اطلاع دی گئی۔ وقوعہ کے روز چیئرپرسن ایک کانفرنس کے سلسلے میں لاہور میں تھیں۔ کیس کی محکمانہ انکوائری کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: سوال پکښے بل شته دے جی، سپلیمنټری؟

محترمہ زرقا: او جی شته ورکښے۔

جناب سپیکر: جی بی بی۔

محترمہ زرقا بی بی: میرا ضمنی کوسچن پہلا تو یہ ہے کہ یہ (ج) میں، میں نے پوچھا تھا کہ اگر فنڈز ریلیز ہو چکا ہے تو فنڈ کس کس مد میں خرچ ہو چکا ہے؟ تو انہوں نے ہمیں جواب دیا ہے کہ چیئرپرسن کیلئے گاڑی خریدی

گئی، تو میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ کونسی گاڑی خریدی گئی ہے جو چوری ہوئی ہے یا پھر نئی گاڑی؟اس میں پھر دوسری بات یہ ہے کہ عملے کی تعداد ہمیں نہیں بتائی کہ کتنا عملہ ہے، انکی تنخواہیں کتنی ہیں؟اور آخری کوئسچن میں میں نے پوچھا تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ پچھلے دنوں وہ چوری کی گئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ تو انہوں نے ہمیں جواب دیا ہے کہ ہاں جی، چوری ہو گئی ہے۔ تو آیا یہ گھر سے چوری ہوئی ہے تو کیا گھر میں چوکیدار نہیں تھا؟ اگر چوکیدار تھا تو پھر یہ غفلت کس کی ہوئی، یہ بھی ان سے پوچھا جائے؟ Minutes میں میں نے کچھ پوائنٹس نوٹ کئے ہیں، ایک تو یہ ہے، 22 اگست والا جو فلڈ آیا تھا تو انہوں نے صرف فلڈ پر ڈسکشن کی ہے، اس پر عملی کام کوئی نہیں کیا گیا۔ پھر ہے Minutes یہ 26 اکتوبر والا دیکھیں تو اس میں ہے کہ انہوں نے تو کمیٹیاں بنائی ہیں، لوکل کمیٹیاں لیکن لوکل ممبرز جو ہیں ایم پی ایز، ان میں سے کسی سے رابطہ نہیں کیا گیا، کسی کو پتہ نہیں کہ کہاں کہاں بنائی گئی ہیں اور کس سلسلے میں بنائی گئی ہیں؟ پھر یہ ہے کہ 21st نومبر کو اگر دیکھا جائے ان کی کارکردگی تو ان کی کارکردگی بڑی خراب ہے جس کی وجہ سے یہاں سے لوگ Resign دے رہے ہیں۔ پھر 21st دسمبر کو اگر دیکھا جائے تو اس میں یہ ہے کہ ممبر کی Participation بہت Poor ہے تو یہ اگر Poor ہے تو پھر اس کو دوبارہ کیوں نہیں بنایا جاتا، اس کو Dissolve کیا جائے، پھر Twenty، Date number ہے، 14th February میں ہے کہ جب یہاں اسمبلی سے ہم لوگ بل پاس کرتے ہیں، اتنی محنت کے ساتھ پھر جب ادارے کو بھیجا جاتا ہے تو انہوں نے اس پر کوئی عمل درآمد کیا ہے؟ آیا یہ اسمبلی کو نہیں مانتے کہ اس پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جاتا؟ کیونکہ یہ بہت Important ایشوز ہوتے ہیں جو ان کے پاس بھیج دیئے جاتے ہیں۔ تو مجھے ان سوالوں کے جوابات چاہئیں۔

جناب سپیکر: بی بی، آپ نے تو اتنے زیادہ سوالات پوچھے ہیں، یہ میرے خیال میں اتنے کافی ہیں اور بی بی، آپ کی۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں ذرا Explain کرنا چاہوں گی۔

جناب سپیکر: جی عظمیٰ خان بی بی۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، ان Minutes میں یہ کہتے ہیں، اس کوئسچن کے آخری پوائنٹ میں یہ کہتے ہیں کہ وہ گاڑی چوری ہو گئی تھی، رات کو جب محترمہ لاہور میں کسی میٹنگ کے سلسلے میں تھیں۔ یہ گاڑی کس کے استعمال میں تھی، کس کے پاس تھی، کس کی تحویل میں تھی جب یہ چوری ہوئی تھی؟ جناب سپیکر، یہ

کہتے ہیں کہ ممبرز کی Participation poor ہے، یہاں تک کہ ہماری جو Selected MPAs، جو اس کی ممبرز ہیں، ان کا بھی کوئی ذکر ہمیں ان Minutes میں نہیں ملتا۔ ایک جگہ فلڈز کے ٹائم پر ملتا ہے، وہ بھی کہتے ہیں کہ وہ اپنی اپنی Constituency میں Busy تھیں اور کوئی Participation ہمیں ان کی دکھائی نہیں دیتی۔ جناب سپیکر، یہ یہ رونا روتے ہیں کہ ہمیں فنڈ ریلیز نہیں ہوتے لیکن یہ کہتے ہیں کہ ہم نے یہاں پہ اپنے لئے، یہ آپ اگر دیکھیں، 21st ستمبر کے Minutes اگر دیکھیں تو اس میں کہتے ہیں کہ Discussion was initiated on conduct of Business Rules as funds were not available to hire the service of legal expert جناب سپیکر، یہاں یہ کوئی Legal expert hire نہیں کر سکتے لیکن یہ محترمہ چیئر پرسن صاحبہ کیلئے گاڑی لینے کیلئے Loan لے سکتے ہیں اور وہ گاڑی چوری ہو گئی ہے اور اس کی Payment ابھی نہیں ہوئی، ابھی نئی گاڑی لے کر دینی ہے انہوں نے چیئر پرسن صاحبہ کو۔

<u>جناب سپیکر:</u> At a time ایک ایک، دو دو کو ئسچنز کیا کریں تو۔۔۔۔۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> نہیں سر، یہ تو مسائل ہیں، یہ تو آپ کو سارے مسائل بتانے ہیں، کمیشن کی کوئی کارکردگی نہیں ہے، ایک سال اس کمیشن کو ہو چکا ہے، کسی بل پہ ان کا Response نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کمیشن کی کارکردگی Poor ہے؟

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> Poor ہے سر، خود ایڈمٹ کرتے ہیں، Minutes میں خود ایڈمٹ کرتے ہیں کہ ہمارے ممبرز کی Participation بھی Poor ہے اور سر ایسا لگتا ہے کہ One Woman show-----

<u>جناب سپیکر:</u> میری سنیں تو، ان کا Answer سن لیں گے نا۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> اس میں صرف محترمہ چیئر پرسن صاحبہ کا One Woman show ہو رہا ہے اور نہ کسی Participant کا، کسی ممبر کا نہ کوئی ذکر آیا ہے، نہ ان کی کوئی کارکردگی دکھائی گئی ہے اور صرف ممبر صاحبہ، چیئر پرسن صاحبہ نے ملاقاتیں کی ہیں، اس کے علاوہ کوئی قابل ذکر کام ان کا ہمیں نہیں دکھائی دے رہا ہے، یہ باتوں تک ہے، اسے Dissolve کیا جائے اس کمیشن کو۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، آنریبل منسٹر، سوشل ویلفیئر۔ جی بی بی۔

<u>محترمہ ستارہ ایاز (وزیر برائے سماجی بہبود و ترقی خواتین):</u> جناب سپیکر، کہ څه لږ شان دوئ Constitution وئیلے وے چه د کمیشن څه Role به وی او هغه به څه کار کوی نو

زما په خیال دا چه یو څو کوئسچنز پکښے دوئ اوکړل نو دوئ به هغه کوئسچنز نه وو کړی۔ دوئ تپوس کړے دے د کارکردګئ، چه کله کمیشن جوړ شو، د لته نه بل پاس شو، بیا یو طریقه کار وی چه هغه څنګه چیئر پرسن به اغستلے کیږی، بیا د هغے خپل څه ممبرز اغستلے کیږی، It took us more than five months چه هغه پورا د سی ایم صاحب Approval او هغه هر څه کیدل چه بل کال Approved شوے وو۔ بیا د هغے نه پس جی مونږه سره پیسے راغلے دی څه 27 ملین، دا مونږ ته د دے د پاره بجټ راغلے دے، زمونږ چه کومه چیئر پرسن ده، هغه Voluntarily کار کوی، She is not a paid personاو څومره زمونږ ممبرز دی They are not all paid، دا ټول Voluntarily کار کوی دلته کښے، نو د هغوی د پاره ګاډے اغستل زمونږ د پاره Must ځکه وو چه لکه هغه به څنګه ځی او راځی؟ نو د چیئر پرسن د پاره دا ګاډے واغستلے شو، د هغے په استعمال کښے وو اینډ هغه دیکښے لیکلی هم دی، هغه لاهور ته تلے وه یو میټنګ د پاره، د شپے د هغے د کور نه هغه ګیټ کټ شوے دے او هغه اوباسلے شوے دے او صرف زمونږ چیئر پرسن سره دا کیس نه دے شوے، حیات آباد کښے Several cases داسے شوی دی چه د کور نه ګیټ کټ شوے دے او ګاډے ترینه وتے دے۔ ایف آئی آر بیا درج شوے دے هم په هغه سحر باندے، په دیکښے د هغه ځائے نه آئی جی پی صاحب ته هم Call شوے دے، زمونږه ایم این اے صاحب هم پکښے Call کړے دے اینډ دیکښے انکوائری هم د فنانس ډیپارټمنټ نه کس مقرر شوے دے، انکوائری کیږی۔ په دیکښے دوئ خبره اوکړه چه دا اول دا دے جی چه It is Advisory Body، دوئ پکښے دا اووئیل چه فلډ کښے دوئ میټنګ کړے دے خو بیا پرے مخکښے دوئ به ګورنمنټ ته Advice ورکوی، دوئ به Bill راولی، کوم Bill مونږ سره دلته راځی، مونږ ئے هغوی ته لیږو، هغوی پرے خپل هغه رائے ورکوی او بیا ئے مونږ ته واپس رالیږی۔ So this is like a National Commission چه څنګه جوړ شوے دے، هم هغے طریقے سره دلته جوړ شوے دے چه کوم زمونږه دلته کښے دغه دی هغه Different چه کوم پرابلمز دی، We need legislation where we need some advices from them، دا ایډوائزری باډی ده، دا Implementing دغه نه دے نو که تاسو اوګورئ دوئ

Different د غه کښې میټنګز کړی دی او کوم چه دوئ کارکردګی وائی، هغه د هغوی Genuine problems وو ځکه چه بجټ ورته نه وو ریلیز شوے ، چه بجټ نه وو ریلیز شوے ، مونږ ورله یو آفس اغستے وو ، په آفس کښې د دوئ یو کرسئ او یو میز پروت وو نو هغے وجے نه کافی ممبرز چه وو خو اوس چه دے اوس Proper په دیکښې کسان واغستلے شو او د هغوی Salaries ټول چه دی، د یو میاشت مخکښې نه-----

جناب سپیکر: بی بی! دا بجټ زمونږ پراونشل وو که نه د فیډرل نه وو؟

وزیر برائے سماجی بہبود وترقی خواتین: او جی، نه نه جی، زمونږ پراونشل کمیشن جی، دلته 'بل' پاس شوے دے-----

جناب سپیکر: نه نو بیا زمونږ دے صوبے ته ولے بجټ نه-----

وزیر برائے سماجی بہبود وترقی خواتین: ما جی تاسو ته دا اووئیل کنه جی چه فنانس ته کله دوئ اولیږل Only 23 lac rupees اوسه پورے Use شوے دی نو اوس Full fledge office شروع شو، اوس به دا ټول بجټ هم کیږی خو Again I would like to say that this is advisory committee او دا به ګورنمنټ د پاره او نور چه کوم دغه دی، هغے د پاره Advices ورکوی۔

Mr. Speaker: Thank you. Musarrat Shafi Sahiba.

محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: په دے کمیشن کښې کوم د ویمن کمیشن جوړ دے، دیکښې دوه پارلیمنټیرینز هم هغه دی-----

جناب سپیکر: هغه څوک دی؟

محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: یو زه مسرت شفیع او یو مونږ سره ساجده تبسم، مونږ دواړه پکښې ممبران یو او لا کمپوزیشن Complete نه دے خو مونږ دا غواړو سپیکر صاحب چه مونږ ته د ټائم ملاؤ شی، زمونږ چیئر پرسن نن دے ځائے موجوده ده که دیکښې دا وی چه During Session، یعنی کومه ورځ تاسو فکس کوئ، یو وړوکے شان یو بریفنګ که مونږ ورکړو دوئ ته نو ټول پارلیمنټیرینز به هم ترینه خبر شی او زمونږ د Activities متعلق څنګه چه زما خور

کوم اعتراضات اوچت کړل، د دے ټولو سوالونو جوابونه به تاسو ته ملاؤ شی جی۔ ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: جی بی بی۔

محترمہ عظمیٰ خان: اس کو بنے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے سر، کتنا ٹائم اور مانگیں گے؟ یہ سر! انہوں نے ڈسٹرکٹ لیول پہ کمیٹیاں بنائی ہیں، ہمیں پتہ بھی نہیں ہمارے ڈسٹرکٹ سے کون کونسی فیمیل کو لیا گیا ہے، یہ کونسی فیمیل تھیں جو اتنی آگاہی رکھتی تھیں؟

جناب سپیکر: بی بی! ایسا کرتے ہیں کہ آج۔۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر ان کے Minutes میں لکھا ہے، ان کے Minutes میں لکھا ہے۔

وزیر برائے سماجی بہبود و ترقی: وہ پراسیس میں ہیں ابھی بنی نہیں ہیں۔ کمیٹیز ابھی بنیں گی یہ پراسیس میں ہیں اور جیسے ہم نے آپ سے کہا We are ready to give you presentation، پھر آپ کے جو بھی کوئسچنز ہیں، آپ آئیں اور ہم تو آپ کو بار بار بلاتے بھی ہیں جی، ہم اپنی فیمیل ایم پی ایز کو بلاتے بھی ہیں، ہماری کافی ساری فیمیل ایم پی ایز آتی ہیں سمجھتی ہیں۔ I am very sorry to say ji کہ جب ہم ان کو بلاتے ہیں اس وقت یہ نہیں آتی ہیں، تو ہم ان کو بریفنگ دیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا ابھی ایسا کرتے ہیں، ابھی ایسا کرتے ہیں بی بی، بریک کے بعد سیشن کے بعد آپ پرانے ہال میں، جی شازیہ طہماس بی بی، تہ پردی سیټ باندے خو نہ ئے ناستہ د شازیہ طہماس بی بی۔

محترمہ شازیہ طہماس خان: شکریہ سر۔ کمیشن کے حوالے سے تھوڑی سی میری یہ گزارش ہے کہ کمیشن کی کارکردگی کے حوالے سے جو اس کی چیئرپرسن صاحبہ ہیں، زبیدہ احسان میرے خیال میں ان کا نام ہے، ان سے ہماری بات ہوئی تھی اور ان سے ہم نے یہ گلہ کیا تھا کہ ہمارے جو اسمبلی سے بلز ہیں، وہ متعلقہ منسٹری، سوشل ویلفیئر منسٹری کے پاس چلے جاتے ہیں اور وہ National Commission on the Status of Women ایڈوائزری باڈی ہے، اس سے وہ لوگ Feedback لیتے ہیں لیکن ابھی تک ہمیں وہ Feedback نہیں ملا تو زبیدہ بی بی نے کہا ہے کہ سوشل ویلفیئر کی جو مانیٹرنگ کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے یاسمین ضیاء والی، بالکل اگر وہ مجھے Invite کرے تو میں بالکل سارے حقائق کے ساتھ Presentation دینے کیلئے تیار ہوں۔

جناب سپیکر: چلیں پھر ایسا کریں، ایسا کریں۔۔۔۔۔

محترمہ شازیہ طہماس خان: میری یہ گزارش ہو گی کہ سر اسے متعلقہ کمیٹی کے حوالے کر دیں اور ہم سب خواتین ایم پی ایز کو اس میں بلایا جائے تو سر یہ زیادہ مناسب ہو گا بجائے اس کے کہ ہم بریفنگ دیں اور ایک اچھی سی Presentation۔۔۔۔۔

(تالیاں)

وزیر برائے سماجی بہبود و ترقی خواتین: ہم لوگ تو کرتے رہتے ہیں، ان کی Participation کم ہے۔

جناب سپیکر: بی بی! ایسی بات ہے کہ آپ کی تو Job یہی ہے کہ آپ خود Arrange کریں، ان سب کو بٹھا دیجئے یہ کونسے دو سو بندے ہیں؟ یہ تو ٹوٹل پندرہ بیس۔۔۔۔۔

وزیر برائے سماجی بہبود و ترقی خواتین: بالکل جی، We are ready، اب ہم Arrange کر رہے ہیں، بالکل جی ہم کر لیں گے اور ہم On and off کرتے رہتے ہیں جی، بالکل کریں گے جی۔

جناب سپیکر: ابھی اگر تھوڑا سادہ کرنا ہے نا تو جب سیشن ابھی آج ختم ہو جائے تو پرانے ہال میں آپ ان کو لے آئیں اور Presentation کریں، میں خود بھی آ جاؤں گا۔ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! یہ تو پھر وہی۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اصل میں مسئلہ غالباً یہ ہے کیونکہ یہ جو فریش انہوں نے Reply دیا ہے، وہ مجھ تک تو پہنچ گیا ہے۔

جناب سپیکر: ایک منٹ اسرار اللہ خان، سوال نمبر؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر یہ ابھی تو غالباً 23 ہے۔

جناب سپیکر: ہس جی؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: 23 ہے نا سر۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: آپ کے پاس کونسا ہے سر؟ آج میرے دو تین سوال ہیں۔

Mr. Speaker: Twenty three.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: 48 پہ آ جاتے ہیں سر۔

جناب سپیکر: چلیں 23 سے شروع ہو جائیں۔ Reply not received، یہ تو نہیں ہے جی، یہ 47 بھی Received نہیں ہے، 48 پہ آ جائیں۔

* 48 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)   سال 2005 میں قانون سازی کے ذریعے یکم جولائی اور اسکے بعد تاحال تمام بھرتی شدہ افراد سے پنشن اور گریجوٹی کی مد میں حقوق ختم کردیئے گئے ہیں؛
(ب)   مذکورہ قانون سازی سب محکموں پر لاگو ہوتی ہے؛
(ج)   اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:
(1) محکمہ پولیس، ایکسائز، جیلخانہ جات اور عدلیہ کے سرکاری ملازمین اب بھی مذکورہ پنشن اور گریجویٹی سے مستفید ہورہے ہیں جبکہ دوسرے محکموں کے سرکاری ملازمین کی پنشن اور گریجویٹی ختم کردی گئی ہے، وجوہات بتائی جائیں؛
(2) حکومت مذکورہ بالا محکموں کی طرز پر دیگر محکموں کے سرکاری ملازمین کو بھی پنشن اور گریجوٹی دینے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ):</u>   (الف)   تمام افراد جو مستقل بنیاد پر مروجہ طریقہ کار کے تحت بھرتی ہوئے، ترمیم شدہ سیکشن 19 خیبر پختونخوا 1973 کے ایکٹ نمبر 18 کے تحت پنشن یا گریجویٹی کے علاوہ تمام مقاصد کیلئے سول سرونٹس تصور کے جائیں گے۔ یہ سول سرونٹس پنشن اور گریجویٹی کے بدلے میں سی پی فنڈ وصول کرنے کے مجاز ہونگے جو ان کی جمع کردہ کٹوتی اور حکومت کی طرف سے ان کے اکاؤنٹ میں شامل کردہ رقم پر مشتمل ہوگا۔ سی پی فنڈ سیکم سرکاری خزانے پر مالی بوجھ کم کرنے اور ملازمین کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کی غرض سے شروع کی گئی ہے۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے اندازے کے مطابق یہ سکیم نہ صرف صوبائی حکومت بلکہ متعلقہ ملازمین کیلئے بھی نہایت فائدہ مند ہے۔
(ب)   جی ہاں۔
(1) سول سرونٹس ایکٹ 1973 کی ترمیم شدہ سیکشن 19 تمام پختونخوا کے سول سرونٹس پر لاگو ہے۔ اگر کسی محکمہ نے اس پر عمل درآمد نہ کیا ہو تو وہ خود اس قانون کی خلاف ورزی کا جوابدہ ہوگا۔
(2)   محکمہ عملہ نے اس سلسلے میں ایک سمری جناب وزیر اعلیٰ صوبہ خیبر پختونخوا کی خدمت میں پیش کی ہے تاہم محکمہ خزانہ نے اپنی رائے میں تجویز کی تائید نہیں کی ہے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any Supplementary?

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u>   Right Sir، بالکل سر۔ سر اس میں میری گزارش یہ ہوگی، یہ انتہائی اہم سوال ہے اور اس سے ہمارے صوبے کے تقریباً پونے چار لاکھ ملازمین کا Future وابستہ ہے۔ سر گزشتہ دور حکومت میں ایک مسئلہ یہ بنا تھا کہ جب لیجسلیشن کی گئی ریگولرائزیشن کے وقت تو جو پنشن کا

حق تھا وہ سرکاری ملازمین سے لے لیا گیا اور سر یہ میں نے اس سے متعلق بھیجا ہے۔ اس میں منسٹر صاحب کی میں توجہ چاہوں گا کہ جو سی پی فنڈ ان کو دیا گیا تھا پنشن کی جگہ پہ، تو وہ میرے پاس یہ بجٹ فگرز ہیں، منسٹر صاحب کے سامنے میں رکھنا چاہتا ہوں، پونے چار لاکھ ملازمین ہیں، یہ میں نے Budget extract سے لئے ہیں، ان پونے چار لاکھ ملازمین میں سر ہماری پولیس کی جو Contribution ہے، وہ تقریباً کوئی ستر ہزار ہے اور اس کے علاوہ ایکسائز جو ہے، وہ کوئی دو ڈھائی ہزار ہے۔ جیلخانہ جات جو ہے، وہ اس کے علاوہ ہے، کوئی پانچ ہزار وہ ہیں، نو ہزار کے قریب Administration of justice ہے، یہ کل ملا کر سر تقریباً اسی (80) ہزار ملازمین ایسے ہو گئے ہیں کہ جو اس سوال کی رو سے ان پر قانون بھی لاگو ہے لیکن چونکہ وہ زور آور محکمے ہیں، وہ پنشن لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ کی ایجوکیشن ہے اور آپ کی ہیلتھ ہے، Even ہماری پراونشل اسمبلی بھی، پراونشل اسمبلی کے جو ملازمین ہیں، ان سے بھی پنشن اور گریجوٹی کا جو حق ہے، وہ ان سے لے لیا گیا ہے۔ اس میں سر منسٹر صاحب سے میرا سوال یہ ہے کہ اگر یہ جز (ج) میں دیکھیں، میں نے ان سے پوچھا ہے کہ پولیس، ایکسائز، جیلخانہ جات اور عدلیہ کے سرکاری ملازمین اب بھی مذکورہ پنشن اور گریجویٹی سے مستفید ہو رہے ہیں جبکہ دوسروں کو نہیں دی جا رہی، وجوہات بتائی جائیں؟ جواب میں لکھا جاتا ہے کہ سول سرونٹس ایکٹ 1973 کی ترمیم شدہ سیکشن 19 تمام صوبہ خیبر پختونخوا کے سول سرونٹس پر لاگو ہے، اگر کسی محکمہ نے اس پر عمل درآمد نہ کیا ہو تو وہ اس قانون کی خلاف ورزی کرے گا، جوابدہ خود ہو گا۔ میں سر یہ پوچھتا ہوں کہ Drawing disbursing جو ہوتے ہیں، وہ تو ٹھیک ہے اپنے DDOs ہوتے ہیں، Sanctioning Authority تو جی فنانس ہے، اگر فنانس اپنے آپ کو بری الذمہ کرتا ہے کہ وہ خود جوابدہ ہیں، ایکٹ ہم نے پاس کر لیا، قانون بھی موجود ہے، یہ بھی لکھا جاتا ہے کہ ان پہ حاوی بھی ہے، پونے چار لاکھ ملازمین میں سے تقریباً اسی ہزار کے قریب اب بھی Draw کر رہے ہیں تو یہ باقی بیچاروں کا کیا قصور ہے؟ اور اس میں سر میری گزارش یہ ہے کہ جب میں نے ان سے پوچھا ہے کہ حکومت ان کو پنشن کا حق دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تو وہ لکھتے ہیں کہ محکمہ عملہ یعنی اسٹیبلشمنٹ نے ایک سمری وزیر اعلیٰ صاحب خیبر پختونخوا کی خدمت میں پیش کی ہے، تاہم محکمہ خزانہ نے اپنی رائے میں تجویز کی تائید نہیں کی ہے۔ سر کتنا ظلم ہے، قانون بھی سب کیلئے ہے، لاگو بھی ہے اور اس کے باوجود بھی آپ تائید نہیں کرتے۔ تو سر ابھی یہ گزارش ہو گی کہ آپ اس کو کمیٹی کو ریفر

کر دیں، عبدالا کبر خان کو بھی ہم وہاں پر بٹھاتے ہیں، ثاقب اللہ خان کو، اسی طرح باقی بھی آ جائیں تا کہ اس مسئلے کا حل نکل سکے۔

جناب سپیکر: عبدالا کبر خان بھی، وہ تو آپ کی سپورٹ میں ضرور کچھ بولے گا۔ جی عبدالا کبر خان۔

جناب عبدالا کبر خان: سر، یہ انتہائی اہم کوسچن ہے، 2005 میں جب سیکشن 19 میں امنڈمنٹ لائی گئی تو اس میں صاف لکھا ہے، اگر آپ وہ سول سرونٹ ایکٹ کی سیکشن 19 دیکھ لیں تو اس میں صاف لکھا ہے، اس میں کوئی وہ نہیں ہے کہ یہ ہو گا، یہ نہیں ہو گا، تمام سول سرونٹس کیلئے پنشن اینڈ گریجویٹی کی وہ ختم کر دی گئی۔ اب عجیب بات یہ ہے کہ جب آپ ایک قانون کے تحت سب کی ختم کر رہے ہیں اور پھر آپ اسی میں سے کسی محکمے کو دے رہے ہیں تو Naturally باقی محکموں میں بھی Ill will پیدا ہو گا، باقی محکموں میں بھی وہ پیدا ہو گا کہ بھئی ان لوگوں کو کیوں مل رہی ہے؟ ہم نے بار بار یہ کہا کہ بھئی اگر ایک ایکٹ ہے، قانون ہے تو وہ تمام سول سرونٹس پر لاگو ہے، اب یہ کیا کہ آپ ایک محکمے کو تو پنشن اینڈ گریجویٹی دیتے ہیں اور دوسرے محکمے کو آپ پنشن اینڈ گریجویٹی نہیں دیتے؟ تو جناب سپیکر، جس طرح میں نے یہ گروپ انشورنس میں کہا، اس پر بھی میں ایک لیجسلیشن آپ کے سیکرٹریٹ میں جمع کرا چکا ہوں کہ یہ ایک ظالمانہ قانون ہے، ایک آدمی آپ کیلئے تیس سال کیلئے سروس کرتا ہے، تیس سال کیلئے آپ کی خدمات سرانجام دیتا ہے اور جب تیس سال اسکے پورے ہو جاتے ہیں تو کسی جگہ پر بھی یہ نہیں ہے دنیا میں کہ اب ایک آدمی تیس سال سروس کرے اور آپ اسکو پنشن نہ دیں۔ تو اس کی سیکشن 19 کا جو یہ پورشن ہے، اسکی Deletion کیلئے میں نے لیجسلیشن جمع کی ہے لیکن میں اسرار خان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں کہ یہ کیا تماشہ ہے کہ ایک صوبے میں آپ پچاس محکموں کو تو پنشن نہیں دیتے اور دو چار محکموں کو آپ پنشن دیتے ہیں تو ان محکموں کا کیا قصور ہے جن کو آپ پنشن نہیں دیتے اور ان میں وہ کیا بات ہے کہ آپ انکو دیتے ہیں؟ یا تو ان کیلئے آپ الگ قانون لائیں یا تو آپ قانون میں امنڈمنٹ کریں، اس میں Exceptions ڈالیں کہ بھئی یہ Except these، جب آپ وہ بھی نہیں کرتے اور ایک قانون موجود ہے، آپ اس کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہے ہیں، میں یہ کہتا ہوں، یہ ادھر جواب دیتے ہیں کہ اگر کسی محکمے نے اس پر عمل درآمد نہیں کیا تو وہ خود اس قانون کی خلاف ورزی کا جوابدہ ہو گا۔ جناب سپیکر، پنشن کون دیتا ہے؟ پنشن تو فنانس ڈیپارٹمنٹ ریلیز کرتا ہے، اب اگر وہ خود کہتے ہیں کہ جی وہ محکمہ جوابدہ ہو گا، بغیر فنانس کی سینکشن کے ان کو پنشن کیسے مل رہی ہے؟ جب وہ خود دیکھ رہے ہیں کہ قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں تو یہاں

پر جناب سپیکر، میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ اس سیکشن 19 کو Delete کریں اور میں نے جو امنڈمنٹ موو کی ہے تو اس میں سب کی پنشن ہو جائے گی اور جہاں تک ان کی بات کا تعلق ہے، میں بھی اس تجویز سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس کو آپ کمیٹی کے حوالے کریں، Thrash out کریں کہ وجہ کیا ہے، وجہ کیا ہے کہ ان لوگوں کو یہ پنشن مل رہی ہے؟

جناب سپیکر: ابھی گورنمنٹ سے تو سن لیں نا جی، ان سے۔ جی آنریبل خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): ډیره مننه سپیکر صاحب۔ دا اسرار الله خان گنډاپور صاحب چه کوم داکوسچن Raise کړے دے، دا ډیر Important دے، بلکه Constitutional review باندے هم تاسو اوګورئ آرټیکل 27 ډیر کلیئر دے، دا یو Discrimination دے، دیکښے Article 27 says safeguard against discrimination in service-----

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب! یہ کچھ بڑے Legal issues اٹھائے ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دا Actually د دے Background دا دے، زمونږ دا مشر ناست دے ،اکرم خان درانی صاحب-----

جناب سپیکر: آپ کی رائے چاہیئے اس میں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: د دوئ په وخت کښے یو پالیسی راغلے وه کنټریکټ پالیسی، د درانی صاحب دوئ په وخت کښے، بیا هغے باندے اپوائنټمنټس کیدل، بیا دوئ اپوائنټمنټس اوکړل په 2005 کښے سیکشن19 کښے چه یره دا څومره په کنټریکټ باندے مونږ ایمپلائز اخستی دی نو دا به مونږه ریګولر کړو او دوئ ته به پنشن او جی پی فنډ نه ورکوؤ۔ نو دا بیا چونکه هغه سیکشن 19 ډیر کلیئر دے And that is applicable to all civil servants working in Khyber Pakhtunkhwa، بیا دوئ پکښے بغیر څه نوټفیکیشن یا دغه نه، مطلب دا دے پولیس او چه کوم بیلټ ایمپلائز، بیلټ سروس والا نو هغه ئے ترینه ویستل نو دا د آرټیکل27 بالکل Against دی او دا د هغے Discrimination دے نو لهذا چه کوم عبدالاکبر خان اووئیل چه کوم دوئ امنډمنټس راوستل غواړی نو په هغے باندے کمیټی جوړول پکار دی او پکښے دا خبره، څکه چه دے سره په

ایمپلائز کښے څومره چه زمونږ په پختونخوا کښے دی، Discrimination دے او Disappointment, frustration دے نو مونږ دا سپورټ کوؤ۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی اودریږه، د گورنمنټ نه وارو کنه جی۔جی منسټر فنانس، پلیز۔ ته دومره موده پس راشے نو هغوی نه هیر وی چه دا د خزانے وزیر صاحب چرته دے؟ جی۔

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): سپیکر صاحب! دا اسرار الله چه کومه خبره رااوچته کړے ده، دازمونږ په نوټس کښے راغلے ده، دا خبره چه اصل کښے فنانس خو جی د پوسټس سینکشن ورکوی خو د هغوی د اپوائنټمنټ آرډر ایشو کول، د هغه ډیپارټمنټ کار دے۔ دا چونکه د 2005 نه پس خبره ده، د پنشن کیس دے، دا راغلی نه دی خو په دے سلسله کښے فنانس ډیپارټمنټ Already اخستے دے او مونږ په دے خپل دغه کښے لیکلی دی چه چیف سیکرټری action صاحب، مونږ اے جی فنانس ډیپارټمنټ په دے میټنگ کړے دے او که زما معزز ممبران ورونړه دوئ غواړی چه دا د کمیټئ ته حواله شی، ما ته پرے هیڅ اعتراض نشته، هلته د Thrash out شی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the Question is referred to the concerned Committee.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر، اس کمیٹی میں عبدالاکبر خان، ثاقب اللہ خان کو بھی شامل کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Definitely عبدالاکبر خان، ثاقب اللہ خان، اور بھی، ڈپٹی سپیکر صاحب بھی اس میں ضرور Participate کریں جی۔

جناب سپیکر: سرار الله خان! دا بل سوال تاسو، یہ 48 تو ہو گیا جی۔ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب۔ د چھٹی درخواست ئے شته دے که نه؟ جی سوال نمبر اول اووایئ جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل: سوال نمبر 49 سر۔

جناب سپیکر: 49جی۔

* 49 _ ڈاکٹر اقبال دین (سوال میاں نثار گل کاکاخیل نے پیش کیا): کیا وزیر محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ نے 2011 میں ضلع کوہاٹ میں بھرتیاں کی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) مذکورہ بھرتیوں کیلئے دیئے گئے اخباری اشتہارات، وصول شدہ درخواستیں نیز ٹیسٹ و انٹرویو میں شامل افراد کے نام بمعہ ولدیت و سکونت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے;

(2) بھرتی شدہ افراد کے عہدے اور کس علاقے میں تعینات کئے گئے ہیں، حلقہ وائز، گاؤں / دیہات کی سطح پر تفصیل فراہم کی جائے نیز مذکورہ افراد کس کی سفارش پر بھرتی کئے گئے ہیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) (1) چونکہ صوبہ خیبر پختونخوا اسٹیبلشمنٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ ریگولیشن ونگ کے نوٹفیکیشن نمبر SORVi(E&AD) 1-3/3/2003/voI-VI مورخہ 16/3//2004 کے مطابق محکمہ میں ایمپلائمنٹ ایکسچینج (محکمہ روزگار) کے ذریعے مذکورہ درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں جو کہ اخباری اشتہار اور ٹیسٹ وانٹرویو سے مستثنیٰ ہیں۔

(2) محکمہ نے کسی کی سفارش پر نہیں بلکہ تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے ان ملازمین کی بھرتیاں کی ہیں۔ جہاں تک ان افراد کے عہدے اور علاقہ تعیناتی کا تعلق ہے تو یہ معلومات ایوان کو فراہم کی گئیں۔

جناب سپیکر:
اوس سپلیمنٹری سوال پرے کوئ۔

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): هغه شته دے نه سر۔

میاں نثار گل کاکاخیل: نه جی، هاؤس ته چه راشی د دے هاؤس پراپرټی شی، هر سړے پکښے خبره کولے شی۔

جناب سپیکر: وایئ جی، وایئ۔

میاں نثار گل کاکاخیل: تھینک یو جی۔ سر دیکبنیے دا لیکلی دی چه چونکه صوبه خیبر پختونخوا اسٹیبلشمنٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ ریگولیشن ونگ کے نوٹفیکیشن نمبر اتنا، مورخہ 16/3/2004 کے مطابق محکمہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے ذریعے مذکورہ درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے جو کہ اخباری اشتہار میں اور ٹیسٹ وانٹرویو سے مستثنیٰ ہیں۔ سر، اس میں بات یہ ہے کہ ایک جب نوٹفیکیشن جاری ہوتا ہے، پھر ہر ڈیپارٹمنٹ پر لاگو ہونا چاہیئے۔ ہمارے صوبے میں بعض ایسے ڈیپارٹمنٹس ہیں جو اس نوٹفیکیشن کو نہیں مانتے اور بعض ایمپلائمنٹ ایکسچینج پر سروسز دے رہے ہیں۔ میں ایک مثال دے رہا ہوں اپنے ضلع کی، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے ایمپلائمنٹ ایکسچینج پر روزگار دے دیا لیکن پبلک ہیلتھ والوں نے اشتہار دے دیا۔ ابھی فرض کریں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ والے کسی کے مکان میں ایک سکول بنا لیتے ہیں اور لینڈ 'اونر' سے وہ لے لیتے ہیں، پھر وہ اشتہار بھی چلا جاتا ہے تو برائے مہربانی اگر ایک آرڈر ہو تو پھر پورے صوبے کیلئے ہونا چاہیئے نہ کہ ایک ڈیپارٹمنٹ کیلئے کہ ایک ڈیپارٹمنٹ اس کو Implement کرتا ہے اور دوسرا نہیں کرتا۔ پھر تو یہ پریولج میں آ رہا ہے کہ جو ڈیپارٹمنٹ اسکو Implement نہیں کرے گا تو اس پر ہم پریولج موشن ادھر لائیں گے۔ آپ ایک واضح انسٹرکشنز دے دیں اس کے متعلق کہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے Through پھر یہ سارے جتنے بھی کلاس فور ملازمین ہیں، ان کو نوکری ملنی چاہیئے سر۔

جناب سپیکر: تو اس وقت Specific question اس پر کیا ہے؟۔۔۔۔۔

میاں نثار گل کاکاخیل: اس پر سر یہی انہوں نے جواب دیا ہے نا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس سے مطمئن ہیں، سپلیمنٹری سوال اس میں کیا ہے؟

میاں نثار گل کاکاخیل: اس میں یہ ہے کہ مذکورہ بھرتیوں کیلئے دیئے گئے اخباری اشتہار، وصول شدہ درخواستیں نیز ٹیسٹ وانٹرویو میں شامل افراد کے نام بمعہ ولدیت وسکونت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ سوال یہ ہے اور جواب دیا گیا ہے کہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے Through ہم نے وہ کیا ہے، مطلب اخبار کی ضرورت نہیں ہے، اشتہار دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس میں سوال یہ آ رہا ہے کہ پھر تو پورے صوبے میں ہر ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشنز ہوں تو پھر وہ اشتہار نہ دے، نہ یہ کہ بعض ڈیپارٹمنٹس اشتہار دے دیں اور بعض جو ہیں ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے Through ایمپلائمنٹ دیتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب! ابھی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جی میرا اس میں سپلیمنٹری ہے سر۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو Incomplete answer ہے، سر اگر آپ اسکو دیکھیں تو میرے خیال میں محکمہ نے Misguide کرنے کی کوشش کی ہے کہ مذکورہ بھرتیوں کیلئے دیئے گئے اخباری اشتہار، یہ پہلا کوسچن ہے، وصول شدہ درخواستیں، یہ دوسرا کوسچن ہے، نیز ٹیسٹ و انٹرویو میں شامل افراد کے نام بمعہ ولدیت وسکونت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ کدھر ہے؟ نشته دے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر فار ایری گیشن پلیز۔ منسٹر صاحب کا مائیک آن کریں، یہ کیوں نہیں ہو رہا ہے پھر کیا مسئلہ ہو گیا ہے؟ نہیں یہ بہت مدت بعد آتے ہیں تو مائیک بھی انکا ساتھ نہیں دیتا (تالیاں) جو بھی منسٹر نہیں آتا ہے اسکا یہی حشر ہوتا ہے۔ پرویز خٹک صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): جناب سپیکر، ہم ضرورت کے مطابق ضرور آتے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ اسمبلی ہے، نہیں جی ادھر ہر وقت ضرورت ہوتی ہے آپ جیسے بزرگوں کی۔

وزیر آبپاشی: میرے خیال میں سب سے زیادہ Attendance میری ہے اس اسمبلی میں۔ سپیکر صاحب، زه خو پوهه نه شوم چه عبدالاکبر خان څه غواړی خو زمونږ د قانون مطابق چه کوم نوټيفيکيشن دے ، د هغے مطابق بهرتيانے کيږی، دا منم چه ديکښے دغه يو لسټ نشته دے چه کوم وصول شده دے ، عبدالاکبر خان که غواړی نو-----

جناب سپیکر: ہاں Repeat کریں، Repeat کریں۔ عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں انہوں نے کوسچن کیا ہے کہ مذکورہ بھرتیوں کیلئے دیئے گئے اخباری اشتہار کہ کس اخبار میں ان بھرتیوں کیلئے اشتہار دیا گیا، نمبر 1۔ نمبر 2 وصول شدہ درخواستیں کہ کتنی درخواستیں لوگوں نے اس اشتہار کو دیکھتے ہوئے دی ہیں، نیز ٹیسٹ و انٹرویو میں شامل افراد کے نام بمعہ ولدیت و سکونت کی مکمل تفصیل۔ انہوں نے تو ان لوگوں کی لسٹ دی ہے کہ جن کو اپوائنٹ کیا گیا ہے، انہوں نے مانگا ہے کہ جتنی درخواستیں دی گئی ہیں، ان لوگوں کے نام بمعہ ولدیت بمعہ اخباری اشتہار، تو نہ تو اخباری اشتہار ہے نہ ان لوگوں کی لسٹ ہے، جو لسٹ موور نے مانگی ہے، نہ انکے ایڈریسز ہیں، اس میں تو کچھ بھی نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ابھی آپکا بھی یہی سوال ہے؟

میاں نثار گل کاکاخیل: نہیں سر، میرا اس کے متضاد ہے۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل: جس طرح عبدالاکبر خان نے کہا کہ اخباری اشتہار، میں تو اخباری اشتہار کی بات نہیں کر رہا، میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ نوٹفیکیشن جو اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا ہے، اس میں بغیر اشتہار کے ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے Through اپوائنٹمنٹ ہوتی ہے، تو اس میں اشتہار کی ضرورت نہیں پڑی۔ میرا یہ سوال ہے کہ پھر لاء ڈیپارٹمنٹ، لاء منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، کلیئر انسٹرکشنز دے دیں سارے ڈیپارٹمنٹس کو، پھر ہمارے صوبے کے جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، انکو بھی دے دیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں بہتر ہوگا، منسٹر صاحب! کیا خیال ہے کہ یہ واپس ڈیپارٹمنٹ کو بھیج دیں اور مکمل جواب لے آئیں؟

وزیر آبپاشی: یہ تو ویسے نامکمل سر کوئی چیز نہیں ہے، اسکا۔۔۔۔

جناب سپیکر: په دیکښے شا ته او کوره څه دی؟

وزیر آبپاشی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: په دیکښے اشتهار نه وی؟ او دا څه کلاس فور دے؟

وزیر آبپاشی: سر جواب تو مکمل ہے۔

جناب سپیکر: نه هغه ټهیک ده خو میاں صاحب پکښے بل څه وائی کنه، میاں صاحب وائی چه نورو ډیپارټمنټس بیا ولے دا سے نه کوی؟

وزیر آبپاشی: سپیکر صاحب! جواب مکمل ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں سمجھ گیا، میں سمجھ گیا، یہ انکے پاس اختیار ہے کہ یہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج سے کر سکتے ہیں۔

وزیر آبپاشی: یہ نوٹفیکیشن ہے جی، 2004 سے یہ چل رہا ہے اور جو محکمے نہیں کرتے وہ میرے خیال میں غیر قانونی کام کر رہے ہیں۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر صاحب! میرا اس میں ایک سوال ہے، یہ جو پینڈنگ کیسز ہیں، سر یہ جواب بالکل صحیح ہے۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب! اس میں آپ کا کیا خیال ہے، آپ کی رائے چاہیئے جی؟ہاں جی، ایډوکیټ جنرل صاحب شته؟ جی آنریبل ایڈوکیٹ جنرل صاحب، اس پر رائے کہ کچھ ڈیپارٹمنٹس، ایڈوکیٹ جنرل صاحب! آپ سے رائے مانگی تھی، لاء منسٹر صاحب کو پتہ نہیں ہے، آپ سے رائے مانگ رہا ہوں۔

جناب اسداللہ خان چمکنی (ایڈوکیٹ جنرل): په دے باندے د سپریم کورټ Judgmentsدی چه Even کلاس فور وی نو د هغے د پاره به هم اشتهار کیږی جی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور{(سینئر وزیر بلدیات)}: سپیکر صاحب! دا د Judgment کومه خبره کیږی، هغه وخت کوم ځائے کښے چه ایمپلائمنټ ایکسچینج نه وی، هلته بیا تاسو ایډورټائز کوئ خو چه کوم ځائے کښے ایمپلائمنټ ایکسچینج وی، هغے نه این او سی هغوی اخلی او کلاس فور، زمونږ دا Understanding د اوس نه نه دے ، From last twenty years دے چه هغه د ایم پی اے په وینا باندے کیږی او د ایم پی اے په خوښه او د هغوی په Understandingباندے کیږی اودا اشتهارچه دے نو دا کله هم د کلاس فور اوسه پورے خو چرته اشتهارنه دے شوے ، دا ټول ایم پی ایز صاحبان ناست دی، زمونږ چیف منسټر صاحب ناست دے ایکس، هغه این او سی به راوړی،او لوکل ایم پی اے سره په Understandingباندے هغه سړے ، دا زمونږ Understandingد ټول عمر نه دے ، دیکښے دا نه ده چه دا ایډورټائز کړی، دا شے۔

جناب سپیکر: بنه ستاسو دا سپریم کورټ رولنگ والا خبره بیا غلطه ده؟

(ایڈوکیٹ جنرل): ټهیک ده چه اوس Recentlyمونږ سوات کښے کلاس فور اپوائنټمنټس کول، هغه ئے مونږ ته واپس کړل چه تاسو د دے ایډورټائزمنټ نه دے کړے ، بیا مونږ ایډورټائزمنټ اوکړو او بیا مو دغه کړل۔۔۔۔

(تالیاں)

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان۔ زما خیال دے دا خبرہ ډیرہ اوږدہ دہ۔ جی۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، زہ ریکویسٹ دا کوم چہ بشیر بلور صاحب تہ خوش آمدید کوم چہ ډیرہ زبردستہ خبرہ ئے اوکړہ۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب!

ملک قاسم خان خٹک: دا فلور زما سرہ دے چہ زہ خبرہ مکمل کړم، بشیر بلور صاحب اووئیل چہ دا Understoodخبرہ دہ چہ دا د ایم پی اے پہ Recommendationکیږی۔ زہ د بشیر بلور صاحب نہ دا پوښتنہ کومہ، لاء منسټر صاحب نہ، آیا چہ دا مونږ ایم پی ایز یو، زمونږ پہ خلہ باندے اپوائنټمنټ کیږی کہ نہ کیږی، د کلا فور؟ زہ صرف دا پوښتنہ کوم۔ هغوی دا اووئیل چہ دا د ایم پی ایز پہ خلہ باندے کیږی، زہ صرف دا پتہ کوم جی او دے باندے زہ واضح رولنګ غواړم سر۔ زہ وایم دا ظلم دے، ظلم دے، صفا ظلم دے۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) جی خوشدل خان صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: تا نہ رولنګ غواړم، نہ نہ جی، دا بہ خا مخا، دوئ اووئیل پہ فلور باندے او کہ نہ وی بیا دا استحقاق بہ چہ کوم دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خوشدل خان صاحب! ستاسو څہ کوئسچن دے جی؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: چہ بشیر بلور صاحب د دواړو جوابونہ پہ یو ځائے ورکړی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ډیرہ مہربانی۔ چونکہ د منسټر صاحب بارہ کښے کوئسچن دے، رولز دا دی، خیبر پختونخوا اپوائنټمنټ، پروموشن، ټرانسفر رولز،1989 کښے امنډمنټ شوے دے چہ کومہ ضلع کښے ایمپلائمنټ ایکسچینج وی نو کلاس فور کښے هلتہ د ایډورټائزمنټ ضرورت نشتہ دے نو چونکہ دوئ خپلہ جواب کښے لیکلی دی چہ کوهاټ کښے ایمپلائمنټ ایکسچینج شتہ دے، هغے نہ د ډیپارټمنټ هغوی تہ ریکوزیشن اوکړی، ډیپارټمنټ د هغوی تہ لیټر اولیکی چہ یرہ مونږ تہ دومرہ تنان، Candidates راواستوئ، هغوی ورلہ خپل یو فارم ورکوی، د هغوی خپل یو کار وی او پہ هغے باندے بیا د هغوی هغہ

سیلکشن کیږی نو دیکښے څه د ایډورټائزمنټ ضرورت نشته، هاں البته هغه ضلع چه په هغے کښے ایمپلائمنټ ایکسچینج نه وی نو بیا به ایډورټائزمنټ دے کوی جی۔

جناب سپیکر: دا ایډوکیټ جنرل صاحب پکښے دا بله رائے ورکړه۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: نه جی، May be هغه ته د رولز پته نشته۔ ٹهیک ده د سپریم کورټ په دے باندے رولنگ هم شته، د هائی کورټ هم، Writ جی په دے باندے شوے وو، مونږ خپله ډیر کیسونه کړی دی چه هغے دا ډائریکشنز دی، Mandatory Directions دی چه تاسو به هر یو پوسټ Each & every post should be published at large چه ډیرو خلقو ته پته اولګی او خلق مقابله، چونکه لاء کښے امنډمنټ راغلو نو لاء کښے امنډمنټ دا راغلو چه کوم ځائے کښے In case of class IV ایمپلائیمنټ ایکسچینج وی، لکه پشاور شو، کوهاټ شو، مردان شو یا Any other district نو هغے کښے د کلاس فور د ایډورټائزمنټ ضرورت نشته دے او۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ یہ دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہں؟

جناب عبد الاکبر خان: کیا رولز لاء کو Override کرتے ہیں، یہ تو رولز میں امنڈمنٹ ہے، یہ جو Override کیا گیا ہے، اب میں پڑھ کے سناتا ہوں: In rule 10 in sub rule (2), the following further proviso shall be added namely: Provided further that the appointment in grade 1 to 4 shall be made on the recommendation of the Departmental Selection Committee through the District Employment Exchange concerned، وہ جو ایڈوکیٹ جنرل صاحب بات کر رہے ہیں، وہ ہائی کورٹ کے لاء پہ Decision کیا گیا ہے، رولز پر سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ Decision نہیں دیتی، وہ قانون پر Decision دیتی ہے، تو یہ تو رولز میں امنڈمنٹ ہے، کیا یہ Override کرتی ہے لاء کو؟

جناب سپیکر: جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دا عبد الاکبر خان چه کومه خبره اوکړه، سپریم کورټ په لاء کښې چه کوم زمونږ سول سروس ایکټ 1973، هغې کښې دا Provision هډو شته دے نه، د هغې لاندے چه کوم سیکشن 22 دے، هغې کښې دا ډیپارټمنټ له ئے یو Power ورکړے دے، Empowered the departmentچه تاسو د خپل د اپوائنټمنټ، ریکروټمنټ د پاره رولز او پالیسی جوړولے شئ نو دا د هغه سیکشن 22 لاندے دا رولز جوړ شوی دی، لهذا د هغوی دا دغه په دے څیز باندے غلط دے۔

جناب عبدالاکبر خان: ایډوکیټ جنرل صاحب د خپله رائے واپس واخلی۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب! تسلی د اوشوه؟ دا اصل کښې کوئسچن دے، کوئسچن باندے ډیبیټ نه کیږی، لوئے ډیبیټ مو ترے ساز کړو۔

میاں نثار گل کاکاخیل: ډیبیټ نه دے جی، ما صرف-----

جناب سپیکر: زه خوستاسو او د هاؤس د Satisfactionد پاره دومره-----

میاں نثار گل کاکاخیل: نه جی، نه جی، دا رولنگ مونږ ته پکار دے جی، یو منټ سر۔

جناب سپیکر: نه ته موشن به راوړے کنه؟

میاں نثار گل کاکاخیل: نه، یو منټ سر، دا کوئسچن راغلے دے چه ایمپلائمنټ ایکسچینج باندے مونږ بهرتی کړے ده، تاسو رولنگ ورکړئ ټولو ډیپارټمنټس ته چه یا د اشتهار باندے ورکوی یا د په ایمپلائمنټ ایکسچینج باندے ورکوی۔ رولز او قانون به یو چلیږی، دا نه چه یو ډیپارټمنټ، لاء ډیپارټمنټ یا ایګریکلچرل ډیپارټمنټ دے یا لائیو سټاک ډیپارټمنټ دے، یو ډیپارټمنټ د پسته اشتهار ورکوی او بل ډیپارټمنټ چه کوم دے دغه کوی، رولنگ به ورکوئ چه یا به اشتهار وی او یا به ایمپلائمنټ ایکسچینج وی۔

جناب سپیکر: زما خیال دے اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ہم ہدایت کرتے ہیں کہ وہ ذرا گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس کو اپنی پالیسی واضح کرے۔ تھینک یو۔

(شور/ قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بس ابھی ختم ہو گیا، میں نے رولنگ دے دی نا،Debate is finished۔

ملک قاسم خان خٹک: زما رولنگ را نغلو جی۔

جناب سپیکر: هغے له خو څه موشن، څه لیکلی راوړه نو، هغه هم هنګ کښے راغلے وو او ته هم هنګ کښے راغلے وے ،اوس لګیا یئ۔ ملک قاسم خان خټک صاحب سوال نمبر د څه دے ؟

(قہقہہ)

جناب سپیکر: اوس دے ته راشه، دا کله کله لږ لږ تازه کولو د پاره خیر دے لږه ډیره خبره به کیږی۔

ملک قاسم خان خٹک: کوئسچن نمبر29۔

جناب سپیکر: جی۔

* 29 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

